کیا قرآن پاک کے چودہ سجدے نہ کرنا گناہ کا کام ہو؟

مجیب: ابواحمد محمدانس رضاعطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1373

تاریخ اجراء: 14رجب المرجب1444ھ/06فروری2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر ہم قرآن کے چودہ سجدے نہ کریں تو کیا گنہگار ہوں گے ؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

وجوب نماز کا اہل شخص (یعنی وہ کہ جسے نماز ادا کرنے یا قضا کرنے کا حکم ہو) اگر آیتِ سجدہ سنے یا تلاوت کرے تو اس پر سجدہ تلاوت واجب ہو جاتا ہے، سجدہ تلاوت جب واجب ہو جائے تو اب اس کی ادائیگی کرنا ضروری ہوتا ہے کہ قصدا ادائیگی نہ کی تو درج ذیل تفصیل کے مطابق گنہگار ہوگا:

جس سجدہ تلاوت کا نماز میں ادا کرنا واجب ہو، اس کو فورا کرنا واجب ہوتا ہے، یہاں تک کہ دو تین آیات سے زیادہ تاخیر گناہ ہے۔ہاں اگر آخر سورت میں سجدہ تلاوت ہے جیسے سورہ انشقاق میں تو اب سورت پوری کر کے سجدہ کرنے میں حرج نہیں۔

اور جس کی ادائیگی بیرون نماز ہوتی ہے، اسے فورا کرنا واجب نہیں ہوتا بلکہ تاخیر کی بھی اجازت ہوتی ہے کہ پوری زندگی میں کبھی بھی ادا کرلے، بشرطیکہ ادائیگی فوت نہ ہو، لیکن افضل واسلم یہی ہے کہ عذر نہ ہو تو فورا ادا کرے کہ تاخیر کرنے میں کئی مسائل ہیں مثلا بعد میں یاد نہ رہے یا موت کا شکار ہو جائے وغیرہ، اس لیے علمائے کرام نے اس کی تاخیر کو مکروہ تنزیہی قرار دیا ہے۔

فتاوی رضویہ میں ہے "سجدہ صلوتیہ جس کا ادا کرنا نماز میں واجب ہو اس کا وجوب علی الفور ہے، یہاں تک کہ دو تین آیت سے زیادہ تاخیر گناہ ہے اور غیر صلوتیہ میں بھی افضل واسلم یہی ہے کہ فوراً ادا کرے جبکہ کوئی عذر نہ ہو کہ اٹھا رکھتے ہیں بھول پڑتی ہے" وفی التاخیر اٰفات "(دیر کرنے میں آفات ہیں۔) ولہذا علماء نے اس کی تاخیر کو مکروہِ تنزیہی فرمایا مگر ناجائز نہیں۔" (فتاوی رضویہ، ج8، ص233، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

بہار شریعت میں ہے "سجدۂ تلاوت نماز میں فوراً کرنا واجب ہے تاخیر کریگا گنہگار ہوگا اور سجدہ کرنا بھول گیا تو جب تک حرمت نماز میں ہے کرلے، اگرچہ سلام پھیر چکا ہو اور سجدۂ سہو کرے۔ تاخیر سے مراد تین آیت سے زیادہ پڑھ لینا ہے کم میں تاخیر نہیں مگر آخر سورت میں اگر سجدہ واقع ہے، مثلاً اِنْشَقَّتْ تو سورت پوری کرکے سجدہ کرے گا جب بھی حرج نہیں۔" (بہار شریعت، ج1، حصہ4، ص733، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net